**پریس ریلیز**

**ریزرو بینک آف انڈیا**

ویب سائٹ:www.rbi.org.in/urdu
ویب سائٹ:www.rbi.org.in
ای۔میل:helpdoc@rbi.org.in

شعبۂ مواصلات، ،سینٹرل آفس، شہید بھگت سنگھ مارگ ممبئی-400001
فون:0502 2266 22 91   فیکس:22660358 22 91

۴؍جنوری ۲۰۱۶ء

## آر بی آئی کمیونیکیشن پراسیس کو آسان بنائے گی۔
## اشوز کمپرہنسیو ماسٹر ڈائریکشن فاریکس پر شروع ہوں گے۔

ریزرو بینک آف انڈیا نے آج فارج ایکسچینج ٹرانزیکشن کا احاطہ کرنے والے ۱۷ ماسٹر ڈائریکشن کا اجراء کیا۔ فارن ایکسچینج پر آج جاری کئے جانے واے ماسٹر ڈائرکشن سے ان AP(DIR Series) سرکلر کو تقویت ملے گی جواب تک ترمیم کئے جانے والے متعلقہ ضابطوں کے دائرہ کے اندر جاری ہوئے ہیں اور ان مختلف طبات کے ٹرانزیکشنوں کا احاطہ کیا جائے گا جس کی اجازت فارن ایکسچینج منیجمنٹ ایکٹ ۱۹۹۹ (فیما) کے تحت تشکیل شدہ اصول وضوابط کے تحت دی گئی تھی۔

فارن ایکسچینج امور کے متعلق جاری کئے گئے ماسٹر ڈائریکشن میں اس اسلوب پر خاص طور پر بحث کی گئی ہے جس اسلوب سے ایک اتھرائزڈ شخص سرحد پار کر فاریکس ٹرانزیکشن چلاسکتا ہے ریزرو بینک فیما کی دفعات ۴۷،۱۰،۹،۸،۷،۶، کی ان شرائط کے ساتھ کیپٹل اکاؤنٹ اور ٹریڈ ٹرانزیکشن سے متعلق ضوابط تشکیل دے گی جب کہ انڈین گورنمنٹ حالیہ اکاؤنٹ ٹرانزیکشنوں اور سود درسود (مرکب) وصولیوں کے سلسلہ میں اصول بنائے گی اس کے علاوہ فیما کی دفعہ ۳ کی شرائط کے مطابق تمام کراس بارڈر اور/ یا فارن ایکسچینج ٹرانزیکشن کسی ایک شخص کے توسط سے کئے جاتے ہیں جو فیما کی دفعہ کے تحت ایسا کرنے کے لئے اتھرائزڈ ہو۔

ریزرو بینک آف انڈیا ان ٹرانزیکشن کے اپنے کسٹمروں/حلقوں کے ساتھ انجام دینے کے طریقہ کے سلسلہ میں APDIR) Series circulars) کے توسط سے فیما کی دفعہ ۱۱ کے تحت اتھرائزڈ اشخاص کے لئے ڈائریکشن جاری کرے گی۔

قابل ذکر بات یہ ہے کہ گورنر ڈاکٹر رگھورام جی راجن نے فورتھ دوماہی مانیٹری پالیسی ۲۹؍ستمبر ۲۰۱۵ (پیراگراف ۲۹) میں اعلان کیا تھا کہ ریزرو بینک اپنے تمام ماسٹر ریگولیشن کو اپ ڈیٹ کرے گا اور یکم جنوری ۲۰۱۶ تک ریگولیشنوں کی تعمیل کے لئے مطلوبہ کارروائی کو عملی جامہ پہنایا جائے گا۔ تمام ماسٹر ریگولیشن کو مکمل طور پر اپ ڈیٹ کیا جائے گا اور آن لائن بھی کردیا جائے گا۔ ریزرو بینک ریگولیشن کمیونیکیشن میں شفافیت لانے کیلئے اصلاحی کام بھی کرے گا۔

اسی لحاظ سے شروع جنوری ۲۰۱۶ سے ریزرو بینک تمام ریگولیٹری معاملات میں ماسٹر ڈائریکشن جاری کرے گا۔ جاری کئے جانے والے ماسٹر ڈائریکشن سے بینکنگ امور اور فارن ایکسچینج ٹرانزیکشن سمیت مختلف ایکٹ کے تحت ریزرو بینک کے ذریعہ تشکیل دیئے جانے

والے اصول وضوابط کے سلسلہ میں تمام ہدایات کوتقویت ملے گی۔ ماسٹر ڈائریکشن جاری کرنے کا مطلب یہ ہے کہ اس موضوع کے سلسلہ میں جاری ہونے والی تمام ہدایات کا احاطہ کرنے والے سبجیکٹ میٹر (موضوعی مواد) کے لئے ایک ماسٹر ڈائرکشن جاری کیا جائے۔ ماسٹر ڈائریکشن مناسب انداز سے اور ایک ساتھ اس وقت اپ ڈیٹ کئے جائیں گے جب بھی ان اصول وضوابط میں تبدیل ہوگی یا کسی پالیسی میں تبدیلی ہوگی۔

تمام تبدیلیاں آر بی آئی ویب سائٹ پر دستیاب ماسٹر ڈائریکشن میں اپنی تبدیلی تاریخ کے ساتھ دیکھی جاسکتی ہیں۔ اصول وضوابط کی وضاحتیں ماسٹر ڈائریکشن کے اجراء کے بعد آسان زبان میں جب بھی ضروری ہوگا Frequantly Ask Question (FAQs) کے ذریعہ جاری کی جائیں گی۔ مختلف موضوعات پر جاری ہونے والے ماسٹر سرکلروں کا موجودہ سیٹ ماسٹر ڈائریکشن کے اجراء کے بعد منسوخ کار دیا جائے گا۔

سنگیتا داس

ڈائرکٹر

پریس ریلیز 2015-2016/1566